# 10134-اسلام کی دعوت نہ پہنچنے والے کا حکم

## سوال

دنیا کے دوردراز علاقوں میں بسنے والے لوگ جنت میں جائیں گے یا کہ جہنم میں ؟
مثلا جولوگ جنگلوں میں یا پھر جوقطب جنوبی میں رہتے ہیں اوران تک نہ توکوئی نبی پہنچا اورنہ ہی کسی نے انہیں اللہ تعالی اوردین اسلام کی دعوت ہی دی ہے ؟

## پسندیدہ جواب

ایسے لوگوں کے بارہ میں جوسب سے بہتر قول ہے وہ یہی ہے کہ روزقیامت ان کا امتحان لیا جائے گا اوران کی آزمائش کی جائيگی جو بھی اس دن اطاعت کرے گا وہ جنت میں اورجو بھی نافرمانی کرے گا وہ جہنم اورآگ میں داخل ہوگا ۔

اس لیے کہ اللہ تعالی نے فرمایا ہے :

.{ہم کسی کو بھی اس وقت تک عذاب نہیں دیتے جب تک کہ رسول مبعوث نہ کردیں }.الاسراء (15) ۔ .